**25.11.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

.........................................................................

☆ حکومت نے پائیدار اور کیمیکل سے پاک کھیتی باڑی کے احیا کیلیۓ قدرتی کھیتی باڑی سے متعلق قومی مشن کو منظوری دے دی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے امدادِ باہمی کی تحریک کو مدور معیشت کے ساتھ منسلک کرنے اور شعبے میں عالمی تعاون کو فروغ دینے پر زور دیا ہے۔

☆ پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس کے پہلے دن دونوں ایوانوں کی کارروائی، مختلف معاملات پر اپوزیشن کے ذریعے شور شرابے کے بعد دن بھر کیلیۓ ملتوی کردی گئی۔

☆ حکومت نے بھارت کے آئین کو اختیار کرنے کے 75ویں سال کی یادگار منانے کیلیۓ کل سے سال بھر طویل تقریبات کا اعلان کیا ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جےۓ شنکر نے مغربی ایشیا میں صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے واضح طور پر زور دیا کہ بھارت دہشت گردی اور یرغمال بنانے کی مذمت کرتا ہے۔

☆ پرسار بھارتی، RailTel اور PlayboxTV نے ریل وائر براڈ بینڈ پر کفایتی فریڈم پلان کا آغاز کیا ہے۔

☆ کرکٹ میں پرتھ میں بارڈر۔ گواسکر ٹرافی کے پہلے ٹسٹ میچ میں بھارت نے میزبان آسٹریلیا کو 295 رن سے تاریخی شکست دی ہے۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Cabinet*

مرکزی کابینہ نے دو ہزار 481 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت والے قدرتی کھیتی کے قومی مشن کو منظوری دے دی ہے۔ نئی دلّی میں کابینی اجلاس کے بعد آج شام ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس مشن کا مقصد کیمیکل سے پاک اور پائیدار کھیتی والی قدرتی کھیتی باڑی کی بازیابی ہے۔ جناب ویشنو نے اِس فیصلے کو غیرمعمولی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اِس سے کسانوں کو فائدہ پہنچے گا۔

قدرتی کھیتی باڑی کے اِس قومی مشن پر گرام پنچایتوں کے 15 ہزار کلسٹرس میں عمل آوری ہوگی۔ اس مشن

کے تحت کسانوں کو سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے آسان طریقۂ کار دستیاب ہوں گے، جس سے وہ اپنی قدرتی کھیتی کی مصنوعات کی بازار میں تشہیر کرسکیں گے۔ مرکزی کابینہ نے ملک گیر سطح پر تحقیقی مقالہ جات اور جرنل طباعت کو آسان اور صارف دوست بنانے کیلئے مکمل ڈیجیٹل نظام سے متعلق نئی مرکزی شعبے کی اسکیم ’’ One Nation - One Subscription ‘‘ کو بھی منظوری دی ہے۔ اس اسکیم کیلئے تین سال 2025 ، 2026 اور 2027 کیلئے مجموعی طور پر چھ ہزار کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ x

## *Rev. PM Cooperative Conference*

وزیر اعظم نریندر مودی نے امدادِ باہمی کو آب وہوا کے مطابق بنانے کی اہمیت پر آج یہ کہتے ہوئے زور دیا کہ اُنھیں مدور معیشت کے ساتھ منسلک ہونا چاہیئے۔ انھوں نے مزید کہا کہ امدادِ باہمی عالمِ جنوب کے ممالک کی پیشرفت حاصل کرنے میں خاص طور پر مدد کرسکتی ہیں۔نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ICA عالمی امدادِ باہمی کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے جناب مودی نے امدادِ باہمی میں اسٹارٹ اَپس کو فروغ دینے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت کوآپریٹیو کیلئے اپنے مستقبل کی پیشرفت میں ایک وسیع رول دیکھتا ہے۔ نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ICA عالمی امدادِ باہمی کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ امدادِ باہمی صرف ایک ماڈل ہی نہیں بلکہ بھارت کی ثقافت کی بنیاد ہیں۔انھوں نے واضح کیا کہ بھارت میں امدادِ باہمی نے، ایک نظریے سے ایک تحریک، ایک تحریک سے ایک انقلاب اور ایک انقلاب سے بااختیار بننے کے سلسلے سے نمو حاصل کی۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت، تعاون کے ذریعے خوشحالی کے منتر کی تقلید کر رہا ہے۔

S/B Narendra Modi

وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے امدادِ باہمی کے بینکوں میں 12 لاکھ کروڑ روپئے ڈپازٹ کئے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ امدادِ باہمی کے بینکوں کو مستحکم کرنے، نیز لوگوں کے بھروسے میں اضافہ کرنے کیلئے اُن کی حکومت نے مختلف اصلاحات کی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ اِس سے قبل یہ بینک RBI کے دائرہ کار سے باہر تھے، لیکن ان کی حکومت نے اُنھیں RBI کے تحت شامل کیا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ جمع رقم پر بیمہ کور میں اضافہ کرکے فی کھاتے دار کیلئے اِسے پانچ لاکھ روپئے کردیا گیا ہے۔

S/B Narendra Modi

اس موقع پر امداد باہمی کے وزیر امت شاہ نے کہا کہ حکومت نے پچھلے تین سالوں میں امدادِ باہمی کے شعبے کو مستحکم کرنے کیلئے بہت سے اقدامات کئے ہیں جس کی وجہ سے بھارت، امدادِ باہمی کے شعبے میں ایک وِشو متر کے طور پر ابھرا ہے۔ انھوں نے کہا کہ امدادِ باہمی کے نیٹ ورک کو توسیع دے کر، ایک نیا اقتصادی ماڈل تشکیل دیا جارہا ہے جو ایک بہتر اور مزید پائیدار مستقبل بنانے کے وزیر اعظم کے نظریے کے عین مطابق ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ حکومت نے امدادِ باہمی کے شعبے کو از سر نو مستحکم کرنے نیز وسعت دینے کیلئے 60 سے زیادہ اقدامات متعارف کرائے ہیں۔

S/B Amit Shah

بھوٹان کے وزیرِاعظم Dasho Tshering Tobgay نے، جنھوں نے اِس تقریب میں شرکت کی، کہا کہ امدادِ باہمی نے پچھلے برسوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ امدادِ باہمی نے لاکھوں لوگوں کو بااختیار بنایا ہے نیز اُنھیں معاشی شمولیت کی پرورش کرنے اور مقامی معیشتوں کو متحرک کرنے کی ضروری خدمات فراہم کرائی ہیں۔ جناب Tobgay نے کہا کہ امدادِ باہمی نے افراد، خاص طور پر غریب افراد کو اپنے آپ کو غریبی سے نجات حاصل کرنے کے قابل بنایا ہے۔

S/B Dasho Tshering Tobgay

اس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے امدادِ باہمی 2025 کے بین الاقوامی سال کے موقع پر ایک یادگاری ٹکٹ جاری کیا۔فجی کے نائب وزیر اعظم Manoa Kamikamica نے بھی کانفرنس میں شرکت کی۔ امدادِباہمی کے بین الاقوامی اتحاد ICA کی 130 سالہ تاریخ میں، پہلی مرتبہ بھارت میں عالمی امدادِ باہمی کی کانفرنس اور جنرل اسمبلی کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ 1895 میں قائم کردہ امدادِ باہمی کے بین الاقوامی اتحاد میں دنیا بھر میں 30 لاکھ امدادِ باہمی کی تنظیمیں نمائندگی کرتی ہیں اور اِس میں ایک ارب سے زیادہ امدادِ باہمی کے اراکین شامل ہیں۔x

## Parliament Adjourn

ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات اور دیگر معاملات پر اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی کے تناظر میں آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی، موسم سرما کے اجلاس میں پہلے دِن، دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ پہلی بار ملتوی کیے جانے کے بعد جب پونے 12 بجے راجیہ سبھا کی کارروائی پھر شروع ہوئی تو چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے اپوزیشن ارکان پر زور دیا کہ وہ ایوان میں معمول کا کام کاج ہونے دیں۔ جب شور وغل ہوتا رہا تو انھوں نے ایوان کی کارروائی دِن بھر کیلئے ملتوی کردی۔ اِس سے پہلے پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس کے پہلے دِن آج صبح جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے مذکورہ کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات، منی پور میں تشدد کے واقعات اور دیگر معاملات پر اپوزیشن کے ارکان پارلیمنٹ کی جانب سے دیئے گئے التوا کے نوٹس مسترد کردیئے۔چیئرمین موصوف نے کہا کہ یہ نوٹس اُس ہدایت سے مطابقت نہیں رکھتے، جو صدرنشیں اِس سے پہلے دے چکے ہیں۔لوک سبھا میں پہلی بار ملتوی کیے جانے کے بعد کارروائی جب دِن میں بارہ بجے دوبارہ شروع ہوئی تو کانگریس، سماجوادی پارٹی، ڈی ایم کے اور دیگر پارٹیوں کے ارکان مختلف معاملات پر شوروغل کرنے لگے۔ اِن میں ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات اور اترپردیش کے سنبھل میں مبینہ تشدد کا معاملہ بھی شامل تھا۔ ہنگامہ آرائی کے تناظر میں صدرنشیں نے ایوان کی کارروائی دِن بھر کیلئے ملتوی کردی۔ دونوں ایوانوں کی کارروائی اَب بدھ کے روز ہوگی۔x

## PM - Parliament

وزیراعظم نریندرمودی نے امید ظاہرکی ہے کہ پارلیمنٹ کا موسم سرما کا اجلاس مفید رہے گا اور اِس میں بھر پور انداز سے تعمیری بحث مباحثہ ہوگا۔ پارلیمنٹ کے اجلاس سے قبل آج صبح میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب مودی نے

کہا کہ موسم سرما کا اجلاس کئی وجوہات سے خاص ہے۔ اِن میں آئین کو اختیار کیے جانے کے 75 ویں سال کی شروعات بھی شامل ہے۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ یہ جمہوریت کے لیے ایک شاندار سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

S/B PM Sansad Global Image

اپوزیشن کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے وزیرِاعظم نے کہا کہ مٹھی بھر لوگ بدنظمی پیدا کرکے پارلیمنٹ کو کنٹرول کرنے کی کوشش کررہے ہیں، جنہیں عوام مسترد کرچکے ہیں۔جناب مودی نے کہا کہ پارلیمنٹ کے وقت کو عالمی سطح پر بھارت کے عزت و وقار کو مزید بڑھانے کیلئے بروئے کار لایاجانا چاہئے۔x

## PM - Odisha Visit

وزیرِ اعظم نریندر مودی، اِس ماہ کی 29 تاریخ سے اڈیشہ کے تین روزہ دورے پر ہوں گے، جہاں وہ بھوبنیشور میں ڈائریکٹر جنرل آف پولیس اور انسپکٹر جنرل آف پولیس کی آل انڈیا کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اڈیشہ پہلی مرتبہ اس کانفرنس کی میزبانی کررہا ہے، جس میں تمام ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس نیز CRPF ، RAW ، NSG ، انٹلی جنس بیورو اور SPG کے سربراہان بھی شرکت کریں گے۔ جناب مودی کے علاوہ ، وزیر داخلہ امت شاہ اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال بھی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ DGPs کی اس کانفرنس میں داخلی سکیورٹی، سائبر جرائم، ماؤ نوازوں کے خطرے ، Artificial انٹلی جنس Tools سے پیدا چیلنجز ، ڈرونز سے تازہ ترین خطرات اور دہشت گردی کی روک تھام و دیگر اہم معاملات پر تبادلۂ خیال کئے جانے کا امکان ہے۔ x

## Constitution Day

حکومت نے بھارت کے آئین کو اپنائے جانے کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر کل سے ایک سال طویل جشن منانے کا اعلان کیا ہے۔ اِس ضمن میں اگلے سال 26 نومبر تک ملک بھر میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ اِس جشن کے دوران منعقد کی جانے والی سرگرمیوں کی تفصیلات بتاتے ہوئے، نئی دلّی میں پارلیمانی امور کے وزیر کرن رِجیجو نے صحافیوں سے کہا کہ اِس موقع پر سنویدھان سَدن کے سینٹرل ہال میں عظیم الشان تقریب کا انعقاد کیا جائے گا، جہاں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے اراکین سے خطاب کریں گی۔

SB - Kiran Rijiju's Remarks Begin From the Links's Start

قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ اِن ایک سالہ تقریبات کا انعقاد ''ہمارا سنویدھان، ہمارا سوابھیمان'' مہم کے تحت کیا جائے گا۔

ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے بتایا کہ سال بھر چلنے والے اِس جشن کا مقصد لوگوں کو مختلف سرگرمیوں کے ذریعے آپس میں جوڑنا اور اُن میں آئین اور اس کے بنانے والوں کے تئیں بیداری پیدا کرنا ہے۔

آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ شہریوں کو مختلف سرگرمیوں اور وسائل کے ذریعے آئین کے ورثے سے جوڑنے کیلئے ایک خصوصی ویب سائٹ Constitution75.com بھی تیار کی گئی ہے۔ x

### Jaishankar MED

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے مغربی ایشیا میں صورتحال پر یہ کہتے ہوئے تشویش کا اظہار کیا کہ بھارت واضح طور پر دہشت گردی اور یرغمال بنانے کی مذمت کرتا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر اٹلی کے شہر روم میں MED بحر اوقیانوس مذاکرات کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔

S/B Jaishnkar Humainitarian Law

وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت، اسرائیل اور ایران، دونوں کے ساتھ استقامت کی وکالت کرنے نیز بات چیت کو بڑھانے کی غرض سے اعلیٰ سطح پر مستقل رابطے میں ہے۔ یوکرین کے تصادم کے بارے میں ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ بھارت کا یہ واضح نظریہ ہے کہ آج کے دور میں تنازعات کو جنگ کے ذریعے حل نہیں کیا جاسکتا۔ انھوں نے مذاکرات اور سفارتکاری کو دوبارہ شروع کرنے پر زور دیا۔ وزیر خارجہ نے روم میں کانفرنس کے موقع پر آج فرانس، لبنان اور کروئیشیا کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ ملاقات بھی کی۔ ڈاکٹر جے شنکر، اٹلی کے تین روزہ دورے پر کل روم پہنچے ہیں۔x

### Prasar Bharti Freedom Plan

پرسار بھارتی ، Rail Tel اور Playbox TV نے باہمی اشتراک سے Rail Wire براڈ بینڈ پر فریڈم پلان کا آغاز کیا ہے۔ پرسار بھارتی کے چیف ایگزیکیٹیو آفیسر گورَو دیویدی اور Rail Tel کے چیئرمین و میجنگ ڈائریکٹر سنجے کمار نے آج نئی دلّی میں ایک تقریب میں اس منصوبے کی نقاب کشائی کی۔ اس موقع اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب دیویدی نے کہا کہ ملک کے ڈیجیٹل انقلاب میں داخل ہونے کے ساتھ ہی Waves OTT پلیٹ فارم پرسار بھارتی کیلئے یکسر بتدیلی کے ایک بڑے قدم کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ بھارت کو اپنے وسیع اور متنوع شائقین سے جوڑنے کی راہ ہموار کرتا ہے، جیسا کہ پہلے کبھی نہیں تھا۔ Rail Tel کے چیئرمین و میجنگ ڈائریکٹر سنجے کمار نے کہا کہ Rail Tel کی ہوم انٹرنیٹ سروس Rail Wire ملک کے ان حصوں میں، جہاں انٹرنیٹ سروس آسانی سے فراہم نہیں ہے، وہاں کفایتی قیمتوں پر انٹرنیٹ فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دیتا ہے۔ x

### IFFI

اب کچھ خبریں گوا میں جاری بین الاقوامی فلم فیسٹیول سے...

بھارت بین الاقوامی فلم فیسٹیول کے دوسرے نصف میں داخل ہونے کے ساتھ ہی آج علاقائی سینما، خصوصی توجہ کا مرکز رہا۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے، کنڑ فلم Kerebete کے اداکار و فلم ساز گوری شنکر SRG نے علاقائی سینما کی خوبصورتی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس کی جڑیں ہمارے کلچر میں پنہاں ہیں۔ ان کی فلم کی نمائش بھارتی پینورما کے فیچر زمرے میں کی جارہی ہے۔مَہا اوتار نرسمہا، جو بھارتیہ پینورما فیچر فلم اور Animated فلم کے زمرے میں نمائش کیلئے پیش کی گئی ہے، فلم کے ہدایت کار اَشون کمار نے اس باوقار زمرے میں ان کی فلم کو چنے جانے پر اظہارِ تشکر کیا۔ آج فیسٹیول میں تقریباً 75 فلموں کی نمائش کی جارہی ہے۔

**Cricket India Vs Aust**

کرکٹ میں پرتھ میں بارڈر۔ گواسکر ٹرافی کے پہلے ٹسٹ میچ میں بھارت نے آسٹریلیا کو 295 رن سے کراری شکست دی ہے۔ یہ شاندار جیت بھارت کی بڑی ٹیسٹ جیتوں میں سے ایک ہے۔وراٹ کوہلی کی بنا آؤٹ ہوئے سنچری بنانا اور یشسوی جیسوال کے زبردست 161 رن نے میزبان کیلئے 534 رن کا جیت کا نشانہ مقرر کیا۔بعد میں آج آخری دن اپنی دوسری اننگز کا آغاز کرتے ہوئے آسٹریلیا کی ٹیم 238 رن پر آؤٹ ہوگئی جب مقررہ نشانے سے کافی دور تھی۔جسپریت بمراہ کو پلییئر آف دی میچ سے نوازا گیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆